از دفتر
مہتمم جنگلات ضلع استور

No. AFD-8(6)/2024 Dated the 2nd June, 2025

# ٹینڈر نوٹس

محکمہ جنگلات گلگت بلتستان کو ضلع استور کے مختلف جنگلات اور چراگاہوں کے اندر موجود مختلف ادویاتی نباتات (جڑی بوٹی) کی سائنسی بنیادوں پر، رواں سیزن کے دوران، نکاسی اور بریدگی کیلئے متعلقہ شعبہ میں تجربہ رکھنے اور درج ذیل شرائط پر پورا اترنے والے مستند اور رجسٹرڈ فرموں سے بولیاں مطلوب ہیں۔ خواہشمند فرمز اپنی بولیاں زیر دستخطی کو مورخہ 18 جون بوقت 11:30 بجے تک جمع کرادیں۔ بولیاں اسی روز بوقت 12:30 بجے نمائندگان کی موجودگی میں زیر دستخطی کے دفتر میں کھولی جائیگی۔

## شرائط وضوابط

1۔ مختلف قسم کی جڑی بوٹیوں کی بولی الگ الگ لاٹ کے حساب سے ہوگی۔ لاٹ کی تفصیل (جڑی بوٹی کی مقدار اور قسم) بڈ ڈاکیومنٹ میں درج ہے۔

2۔ ٹینڈر کے ہمراہ، ہر لاٹ کے لیے بولی شدہ رقم کا پانچ فیصد زر بیعانہ (کال ڈیپازٹ) کسی بھی شیڈولڈ بینک سے، بنام ناظم جنگلات، ضلع استور جمع کرانا لازم ہوگا۔

3۔ نیلامی صرف ان جڑی بوٹیوں کی ہوگی جن کی نکاسی پر پابندی نہیں۔ ان جڑی بوٹیوں کی لسٹ دفتر ہٰذا سے حاصل کی جاسکتی ہے۔

4۔ کامیاب بولی دہندہ پر لازم ہوگا کہ وہ صرف ان جڑی بوٹیوں کی نکاسی صرف ان علاقوں میں کرے جن کی محکمہ نے نشاندہی کی ہو۔ خلاف ورزی کی صورت میں نہ صرف لیز کینسل ہوگی بلکہ کال ڈپازٹ بھی بحق سرکار ضبط کیا جائیگا۔ نکاسی شدہ مال بھی بحق سرکار ضبط کیا جائے گا۔

5۔ کامیاب بولی دہندہ، ٹھیکے کی منظوری کے چودہ ایام کے اندر اندر، بولی کی رقم محکمے کو جمع کرانے کے علاوہ محکمے کے ساتھ معاہدہ کرنے کا پابند ہوگا ناکامی کی صورت میں کی گئی ٹھیکہ کی کارروائی کو منسوخ کرتے ہوئے زر بیعانہ بحق سرکار ضبط ہوگا۔

6۔ ٹھیکیدار اپنے نمائندگان کی فہرست دفتر ہذا کو فراہم کرنے، اور ڈپو رجسٹر کرانے کا بھی پابند ہوگا۔

7۔ تمام تر نکاسی کا کام محکمہ جنگلات کے عملہ اور مقامی تحفظ جنگلات کمیٹی کی مشاورت اور نگرانی میں ہوگا۔

8۔ نکاسی کے لیے متعلقہ ٹھیکیدار یا فرم مقامی تحفظ جنگلات کمیٹی کی مشاورت سے صرف اور صرف مقامی لوگوں سے کام کروانے کا پابند ہوگا۔

9۔ جس تحفظ جنگلات کمیٹی کے علاقے میں ٹھیکیدار کے علاوہ نکاسی کا کام پایا گیا تو وہ نکاسی شدہ مال ضبط کیا جائے گا اور اس علاقے کی نکاسی پر تا حکم ثانی پابندی عائد کی جائے گی۔

10۔ لیز کی میعاد رواں سال ماہ اکتوبر کی پندرہ تاریخ تک ہوگی جس کے بعد لیز میں کسی قسم کی توسیع نہیں کی جائیگی۔

11۔ کامیاب بولی دہندہ پر لازم ہوگا کہ وہ لیز کا کام خود کرے اور کسی دوسرے فرد یا فرم کے حوالہ نہ کرے۔ بصورت دیگر لیز کینسل تصور ہوگی۔

12۔ محکمہ کو حق حاصل ہوگا کہ وہ گلگت بلتستان پیپر ارولز کے سیکشن 36(1) کے تحت کسی بھی بولی کو منظور یا مسترد کرے۔

13۔ یہ بولی جی بی پیپر ارولز 2022 کے سیکشن 39(a) کے تحت ہوگی۔

14۔ دیگر تمام قانونی وانتظامی ہدایات بڈ ڈاکیومنٹ میں مندرج ہیں جن پر عمل کرنا لازم ہوگا۔

15۔ نیلامی لیز کیلئے درکار بڈ ڈاکیومنٹ زیر دستخطی کے دفتر سے اشتہار شائع ہونے کے روز سے بولی کھلنے سے قبل تک، دفتری اوقات میں بعوض 5000 روپے ناقابل واپسی، حاصل کیا جاسکتا ہے

(سید نعیم عباس)
مہتمم جنگلات ضلع استور